سوال

دین میں میانہ روی سے مراد کیا ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اور دورو وسلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعدازاں :

دین میں وسط اور میانہ روی یہ ہے کہ انسان غلونہ کرے کہ وہ اللہ کی حدود سے ہی تجاوز کرجائے، اور نہ ہی اس میں اتنی کمی کرے کہ اللہ تعالی کی حد سے کمی کردے

دین میں وسط اور میانہ روی یہ ہے کہ سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کیا جائے، اور دین میں غلویہ ہے کہ انسان سیرت نبویہ سے تجاوز کرے، اور تقصیر یہ ہے کہ وہ سیرت نبوی پر عمل نہ کرے

اس کی مثال یہ ہے کہ ایک شخص کہے میں ساری رات قیام کرونگا اور نیند نہیں کرونگا، کیونکہ نماز تمام عبادات سے افضل ہے، اس لیے میں ساری رات نماز ادا کرنا چاہتا ہوں

توہم اسے کہینگے : یہ دین میں غلو کرنے والا ہے، اور حق پر نہیں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں بھی ایسا ہوا، کچھ لوگ جمع ہوئے اور ایک کہنے لگا : میں بیدار رہ کر ساری رات قیام ہی کرتا رہونگا، اور دوسرا کہنے لگا : میں روزہ رکھوں گا اور افطار نہیں کرونگا، اور تیسرا کہنے لگا : میں عورتوں سے شادی نہیں کرونگا

چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک یہ بات پہنچی تو آپ نے فرمایا :

"ان لوگوں کا کیا حال ہے جو یہ یہ بات کہہ رہے ہیں، میں روزہ بھی رکھتا ہوں، اور افطار بھی کرتا ہوں، میں نیند بھی کرتا ہوں اور عورتوں سے شادی بھی کر رکھی ہے، جس نے بھی میری سنت اور طریقہ سے بے رغبتی کی وہ مجھ میں سے نہیں "

توان لوگوں نے دین میں غلو کیا یعنی حد سے تجاوز کی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے برات کا اظہار کردیا، کیونکہ انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ اور سنت سے بے رغبتی کی تھی، جس میں روزہ بھی ہے اور افطار کرنا، اور رات کو قیام کرنا بھی شامل ہے اور سونا بھی، اور عورتوں سے شادی کرنا بھی

رہا کوتاہی اور دین میں کمی کرنے والے شخص کا مسئلہ : تو یہ وہ شخص ہے جو یہ کہے کہ مجھے نوافل کی کوئی ضرورت نہیں، میں نفل ادا نہیں کرونگا، بلکہ صرف فرض ہی ادا کرونگا اور ہو سکتا ہے وہ فرائض میں بھی کوتاہی کرنا شروع کردے تو یہ مقصر اور کوتاہی کرنے والا ہے

اور معتدل شخص وہ ہے : جو اس طریقہ پر چلے جس پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے خلفاء راشدتھے

ایک اور مثال یہ ہے :

تین اشخاص کے سامنے ایک فاسق شخص ہے، ان تینوں میں سے ایک کہتا ہے میں اس فاسق کو سلام نہیں کرونگا، بلکہ اس سے بائیکاٹ کرتے ہوئے اس سے دور رہونگا اور اس سے کلام تک نہیں کرونگا

اور دوسرا شخص کہتا ہے : میں اس فاسق کے ساتھ چلونگا اور اس کو سلام بھی کرونگا، اور اس کو ہشاش بشاش چہرے کے ساتھ ملونگا، اور اسے اپنے پاس بلاؤنگا، اور اس کی دعوت کو

قبول کرونگا، میرے نزدیک تو یہ ایک نیک وصالح شخص کی طرح ہے

اورتیسرا کہتا ہے : یہ فاسق ہے میں اس کے فسق کی بنا پر اسے ناپسند کرتا ہوں، اوراس کے ایمان کی بنا پر اسے پسند کرتا ہوں، اوراس سے بائیکاٹ نہیں کرتا، لیکن اگراس سے بائیکاٹ کرنا اس کی اصلاح کا باعث ہو تو یہ بھی کرونگا، اوراگر بائیکاٹ اس کی اصلاح کا سبب نہ ہو بلکہ اس سے اس کے فسق میں اور بھی اضافہ ہوگا تو میں اس سے بائیکاٹ نہیں کرتا

توہم کہینگے کہ : پہلا شخص مفرط اور غالی یعنی غلو کرنے والا اور حد سے تجاوز کرنے والا ہے، اور دوسرا شخص کوتاہی کرنے والا مقصر ہے، اورتیسرا شخص متوسط ہے

اورساری عبادات اور معاملات میں بھی ہم اسی طرح کہینگے لوگ اس میں مقصر بھی ہیں اور حد سے تجاوز کرنے والے بھی اور متوسط بھی

تیسری مثال یہ ہے :

ایک شخص اپنی بیوی کا قیدی ہے وہ اسے جہاں اور جس طرف چاہے بھیجے جاتا ہے، نہ تو وہ اسے گناہ سے باز کرتا ہے، اور نہ ہی اسے کسی اچھے کام پر ابھارتا ہے، وہ عورت اس کی عقل پر چھائی ہوئی ہے، اوراس کی مالک بن چکی ہے اوراس کی وہی حکمران بن چکی ہے

اورایک دوسرا شخص جس میں بے راہ روی اور تکبر پایا جاتا ہے، اوروہ اپنی بیوی پر جبر کرتا اوراس کی کوئی پرواہ نہیں کرتا، گویا کہ وہ اس کے پاس خادم اورملازم سے بھی کم وقعت رکھتی ہے

اورایک تیسرا شخص وسط اور میانہ روی کا معاملہ کرتا ہے جیسا کہ اللہ اوراس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے :

اوران (عورتوں) کے بھی ویسے ہی حق ہیں جیسے ان پر مردوں کے ہیں پچھائی کے ساتھ البقرۃ (128).

اوررسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"مومن مرد مومن عورت (بیوی) سے بغض نہیں رکھتا، اگراسے اس کی کوئی بات بری لگتی ہے، تواس کی دوسری بات سے وہ راضی ہوتا ہے"

تو یہ آخری شخص اپنی بیوی کے معاملہ میں متوسط اور میانہ روی والا ہے، اور پہلا غالی اور حد سے تجاوز کرنے والا، اور دوسرا مقصر اور کوتاہی کرنے والا ہے، باقی عبادات اوراعمال پر بھی آپ اسی طرح قیاس کرسکتے ہیں

اسلام سوال وجواب

9466